The Reality of the Relationship between Man's Servitude and Divine Providence

The bond between man and woman is a superficial and temporary one. I say that the everlasting epitome of pleasure in its truest sense exists in the bond between man and God Almighty. I feel an immense agony, which at times consumes my soul, that if even one day a person is unable to enjoy the taste of their food, they will visit the doctor and beg and beseech them, even flatter them, and spend money and bear pains so that the pleasure they once felt may return. The impotent man who is unable to feel pleasure with his wife will at times feel so disturbed that he begins to contemplate suicide, and there are many cases of such deaths. But alas! Why does the ineffectual person with an ailing heart not make an effort to experience pleasure in worship? Why does such a one not feel miserable with grief? They will go to great lengths in pursuit of the world and its pleasures, but feel no thirst or agony for true and everlasting pleasure. How unfortunate is such a person? How deprived are they? They will search for a cure in order to experience temporary and transient pleasures and they are successful. Is it possible then that there be no cures which enable one to experience that pleasure which is enduring and everlasting? There are indeed. But perseverance and persistence are needed in the search for truth. In the Holy Quran, Allah the Exalted has described the believers in similitude to women. There is a deep and hidden secret in this point. Those who believe have been likened to Mary and Asiyah; that is to say, God Almighty brings forth believers from among the idolaters. In any case, by likening believers to women there is in actuality a subtle mystery that has been revealed. To elaborate, just as a mutual relation exists between man and woman, so too is the relationship of man's servitude and divine providence. If a man and woman have a mutual understanding with one another and both are attracted to one another, then such couples are blessed and fruitful; otherwise domestic life is ruined and the actual purpose of this relationship goes unrealised. Men ruin themselves through other relations and are struck by hundreds of illnesses. Some contract infectious diseases like syphilis and are left deprived in this very world. And if such people do happen to have children, many future generations are left affected by this illness. On the other hand, the woman will begin to lead a life of immodesty and even after her honour and dignity has drowned completely, she is unable to attain true comfort. Therefore, when the pure relationship of husband

and wife is abandoned, this gives rise to countless forms of evil and disorder. In the same way, when a person abandons their spiritual relationship, they are left plagued and forsaken. Such a one falls prey to even greater grief and afflictions than in the case of their worldly relationship. Just as the bond of man and woman is in one way preserved by the pleasure that is derived from it, there is pleasure in the bond of man's servitude and divine providence, in order to forever maintain this relationship. The Sufis say that a person who is able to experience this pleasure finds it to be more satisfying than all the pleasures of the world. In a person's entire life, if even once they are able to experience it, they would lose themselves in it. However, the difficulty is that there are a large number of people in the world today who do not understand this secret and their Prayer is but meaningless movements, and nothing more than a process of sitting and rising in a laborious and burdensome state with an unmoved heart. It hurts me even more to observe that some people only offer their Prayers so that they may be deemed worthy and honourable in the world. As a result of their Prayers, they succeed in garnering for themselves a reputation for being holy and pious. Why are such people not consumed by grief that if such false, superficial and insincere Prayers can grant them such a status, why would they not be conferred with dignity if they become true servants of God? In fact, much greater honour would be bestowed upon them in such a case.

The Cause for Not Deriving Pleasure in Prayer and Its Cure

In short, I observe that people are negligent and indolent in observing their Prayers because they are oblivious to the pleasure and satisfaction that Allah the Exalted has invested in Prayer. This is a significant cause in this respect. Then, there is even greater negligence and indolence in cities and towns. Even fifty percent of the people do not eagerly bow their heads before their true Master with sincere love. The question that arises is: why do the people not know of this pleasure and why have they never experienced this exquisite taste? Other religions do not prescribe such injunctions.

At times, it so happens that people are busy in their engagements and the call for Prayer is made. At such a time, there are those who would shut their ears, as though their heart begins to throb with pain. Such people are worthy of pity. There are certain people here as well whose shops are situated adjacent to mosques, but they never join in the Prayer. All I wish to say is that one ought to

fervently and passionately pray to God Almighty that just as He has granted us diverse forms of pleasure in fruits and other things, may He enable us to experience, even once, the sweet taste of Prayer and worship. One never forgets the taste of a thing. If an individual looks at someone beautiful with pleasure, they remember it well. Further, if a person sees an ugly and hideous figure, the entire state of such a figure comes forth as an embodiment in the mind of the observer, whenever they are reminded of it. Of course, if a person is indifferent and saw the figure in passing, then one remembers nothing. Similarly, in the estimation of those who do not pray, the Prayer is like a penalty, whereby one is unjustly forced to wake up in the morning when it is cold and leave their precious sleep to perform ablution, and compelled to forsake many comforts in order to offer it. The actual fact is that such a one is averse and therefore, is unable to understand; they are oblivious of the pleasure and satisfaction that is present in Prayer. How then can they experience pleasure in Prayer? I observe that when a drunkard or one who suffers from addiction is unable to find satisfaction, they continue to drink glass after glass, until they are finally inebriated. A wise and prudent individual can benefit from this example. In other words, one must remain persistent in Prayer and continue observing it until they begin to experience pleasure. Just as a drunkard conceives of a pleasure in his mind, which is the actual objective he pursues, in the same way, the mind and all of one's faculties must feel a propensity towards the acquisition of that very pleasure that exists in Prayer. Then, with sincerity and passion, at least to the extent that an addict suffers from anxiety, restlessness and pain, an individual ought to pray that they are able to experience the pleasure they seek. I say truthfully that surely and most definitely they will experience the pleasure of Prayer.

Then, in the observance of Prayer, one ought to strive to seek the benefits that are associated with it and keep in view the concept of goodness or *ihsan* (i.e. to worship God as though one can see Him or at least that God can see you). As God Almighty states: إِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ[1] and that is to say, good works drive away evil. Therefore, whilst aspiring to goodness and striving to attain the pleasures in Prayer, one ought to supplicate that God enables one to observe the Prayer that is characteristic of the Truthful (*Siddiqin*) and of those who excel in good works (*Muhsinin*).

[1] *Hud*, 11:115

As mentioned, Allah the Exalted has stated: إِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ[1] and this means that good works or Prayer drives away evil. In another instance, God Almighty states that Prayer saves one from indecency and manifest evil. However, despite this we observe that there are people who observe Prayer, yet still indulge in evil deeds. The response to this is that they observe Prayer, but not in its true spirit, nor with piety. They only perform useless movements in the form of a custom and habit. Their soul is dead. Allah the Exalted has not described this as *hasanat* (or good works). In this verse, God has used the word *hasanat* as opposed to *as-salat* even though the two words mean one and the same thing. This is because God wishes to allude to the merit and *husn* (or beauty) of Prayer, which in its true form possesses within it a spirit of truth and the effects of divine grace. This form of Prayer does indeed drive away evil. Prayer is not simply a process of sitting and standing. In fact, the essence and soul of the formal Prayer is that supplication which possesses within it a pleasure and satisfaction.

1 *Hud*, 11:115

کی بلکہ ایک لذت بھی دکھلائی ہے۔ اگر محض توالد وتناسل ہی مقصود بالذّات ہوتا تو مطلب پورا نہ ہو سکتا۔ عورت اور مرد کی برہنگی کی حالت میں ان کی غیرت قبول نہ کرتی کہ وہ ایک دُوسرے کے ساتھ تعلق پیدا کریں مگر اس میں اُن کے لئے ایک حظّ ہے اور ایک لذّت ہے۔ یہ حظّ اور لذّت اس درجہ تک پہنچی ہے کہ بعض کوتاہ اندیش انسان اولاد کی بھی پروا اور خیال نہیں کرتے بلکہ ان کو صرف حظّ ہی سے کام اور غرض ہے۔ خدا تعالیٰ کی علّتِ غائی بندوں کا پیدا کرنا تھا اور اس سبب کے لئے ایک تعلق عورت اور مرد میں قائم کیا اور ضمناً اس میں ایک حظّ رکھ دیا جو اکثر نادانوں کے لئے مقصود بالذّات ہو گیا ہے۔ اسی طرح سے خوب سمجھ لو کہ عبادت بھی کوئی بوجھ اور ٹیکس نہیں۔ اس میں بھی ایک لذّت اور سُرور ہے اور یہ لذت اور سُرور دنیا کی تمام لذّتوں اور تمام حظوظِ نفس سے بالاتر اور بالاتر ہے۔ جیسے عورت اور مرد کے باہمی تعلقات میں ایک لذّت ہے اور اس سے وہی بہرہ مند ہو سکتا ہے جو مرد اپنے قویٰ صحیحہ رکھتا ہے۔ ایک نامرد اور مخنث وہ حظّ نہیں پا سکتا اور جیسے ایک مریض کسی عمدہ سے عمدہ خوش ذائقہ غذا کی لذت سے محروم ہے اسی طرح پر ہاں ٹھیک ایسا ہی وہ کم بخت انسان ہے جو عبادتِ الٰہی سے لذّت نہیں پا سکتا۔

عبودیّت اور ربوبیّت کے رشتہ کی حقیقت

عورت اور مرد کا جوڑا تو باطل اور عارضی جوڑا ہے۔ مَیں کہتا ہوں حقیقی ابدی اور لذّت مجسّم جو جوڑ ہے وہ انسان اور خدا تعالیٰ کا ہے۔ مجھے سخت اضطراب ہوتا اور کبھی کبھی یہ رنج میری جان کو کھانے لگتا ہے کہ ایک دن اگر کسی کو روٹی کھانے کا مزا نہ آئے تو طبیب کے پاس جاتا اور کیسی کیسی منّتیں اور خوشامدیں کرتا، روپیہ خرچ کرتا، دُکھ اُٹھاتا ہے کہ وہ مزا حاصل ہو۔ وہ نامراد جو اپنی بیوی سے لذّت حاصل نہیں کر سکتا بعض اوقات گھبرا گھبرا کر خودکشی کے ارادے تک پہنچ جاتا اور اکثر موتیں اس قسم کی ہو جاتی ہیں۔ مگر آہ! وہ مریضِ دل، وہ نامراد کیوں کوشش نہیں کرتا جس کو عبادت میں لذّت نہیں آتی؟ اس کی جان کیوں غم سے نڈھال نہیں ہو جاتی؟ دنیا اور اس کی خوشیوں کے لئے کیا کچھ کرتا ہے مگر ابدی اور حقیقی راحتوں کی وہ پیاس اور تڑپ نہیں پاتا۔ کس قدر بے نصیب ہے! کیسا ہی محروم ہے! عارضی اور فانی لذّتوں کے علاج تلاش کرتا ہے اور پا لیتا ہے۔

کیا ہوسکتا ہے کہ مُستقل اور ابدی لذت کے علاج نہ ہوں؟ ہیں اور ضرور ہیں مگر تلاشِ حق میں مستقل اور پویہ قدم درکار ہیں۔ قرآن کریم میں ایک موقع پر اللہ تعالیٰ نے صالحین کی مثال عورتوں سے دی ہے۔ اس میں بھی سِرّ اور بھید ہے۔ ایمان لانے والوں کو مریم اور آسیہ سے مثال دی ہے یعنی خدا تعالیٰ مشرکین میں سے مومنوں کو پیدا کرتا ہے۔ بہرحال عورتوں سے مثال دینے میں دراصل ایک لطیف راز کا اظہار ہے یعنی جس طرح عورت اور مرد کا باہم تعلق ہوتا ہے اسی طرح پر عبودیت اور ربوبیت کا رشتہ ہے۔ اگر عورت اور مرد کی باہم موافقت ہو اور ایک دوسرے پر فریفتہ ہو تو وہ جوڑا ایک مبارک اور مفید ہوتا ہے ورنہ نظام خانگی بگڑ جاتا ہے اور مقصود بالذّات حاصل نہیں ہوتا ہے۔ مرد اور جگہ خراب ہوکر صدہا قسم کی بیماریاں لے آتے ہیں۔ آتشک سے مجذوم ہوکر دنیا میں ہی محروم ہوجاتے ہیں۔ اور اگر اولاد ہو بھی جاوے تو کئی پُشت تک یہ سلسلہ برابر چلا جاتا ہے اور ادھر عورت بے حیائی کرتی پھرتی ہے اور عزّت و آبُرو کو ڈبو کر بھی سچی راحت حاصل نہیں کرسکتے۔ غرض اس جوڑے سے الگ ہوکر کس قدر بدنتائج اور فتنے پیدا ہوتے ہیں۔ اسی طرح پر انسان روحانی جوڑے سے الگ ہوکر مجذوم اور مخذول ہوجاتا ہے۔ دنیاوی جوڑے سے زیادہ رنج و مصائب کا نشانہ بنتا ہے۔ جیسا کہ عورت اور مرد کے جوڑے سے ایک قسم کی بقا کے لئے حظّ ہے۔ اسی طرح پر عبودیت اور ربوبیت کے جوڑے میں ایک ابدی بقا کے لئے حظّ موجود ہے۔ صوفی کہتے ہیں کہ جس کو یہ حظّ نصیب ہوجاوے وہ دنیا اور مافیہا کے تمام حظوظ سے بڑھ کر ترجیح رکھتا ہے۔ اگر ساری عمر میں ایک بار بھی اس کو معلوم ہوجاوے تو اس میں ہی فنا ہوجاوے لیکن مشکل تو یہ ہے کہ دنیا میں ایک بڑی تعداد ایسے لوگوں کی ہے جنہوں نے اس راز کو نہیں سمجھا اور اُن کی نمازیں صرف ٹکریں ہیں اور اوپرے دل کے ساتھ ایک قسم کی قبض اور تنگی سے صرف نشست و برخاست کے طور پر ہوتی ہیں۔ مجھے اور بھی افسوس ہوتا ہے جب مَیں یہ دیکھتا ہوں کہ بعض لوگ صرف اس لئے نمازیں پڑھتے ہیں کہ وہ دنیا میں معتبر اور قابلِ عزت سمجھے جاویں اور پھر اس نماز سے یہ بات ان کو حاصل ہوجاتی ہے یعنی وہ نمازی اور پرہیزگار کہلاتے ہیں۔ پھر اُن کو کیوں یہ کھا جانے والا غم نہیں لگتا کہ جب جھوٹ موٹ اور

بے دلی کی نماز سے ان کو یہ مرتبہ حاصل ہوسکتا ہے تو کیوں ایک سچے عابد بننے سے ان کو عزت نہ ملے گی اور کیسی عزت ملے گی؟

نماز میں لذّت نہ آنے کی وجہ اور اُس کا علاج

غرض میں دیکھتا ہوں کہ لوگ نمازوں میں غافل اور سُست اس لئے ہوتے ہیں کہ ان کو اس لذت اور سرور سے اطلاع نہیں جو اللہ تعالیٰ نے نماز کے اندر رکھا ہے اور بڑی بھاری وجہ اس کی یہی ہے۔ پھر شہروں اور گاؤں میں تو اور بھی سُستی اور غفلت ہوتی ہے۔ سو پچاسواں حصہ بھی تو پوری مُستعدی اور سچی محبت سے اپنے مولا حقیقی کے حضور سر نہیں جھکاتا۔ پھر سوال یہی پیدا ہوتا ہے کہ کیوں اُن کو اس لذّت کی اطلاع نہیں اور نہ کبھی انہوں نے اس مزے کو چکھا۔ اَور مذاہب میں ایسے احکام نہیں ہیں۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ہم اپنے کاموں میں مبتلا ہوتے ہیں اور مؤذّن اذان دے دیتا ہے۔ پھر وہ سننا بھی نہیں چاہتے گویا اُن کے دل دُکھتے ہیں۔ یہ لوگ بہت ہی قابلِ رحم ہیں۔ بعض لوگ یہاں بھی ایسے ہیں کہ ان کی دُکانیں دیکھو تو مسجدوں کے نیچے ہیں مگر کبھی جا کر کھڑے بھی تو نہیں ہوتے۔ پس میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ سے نہایت سوز اور ایک جوش کے ساتھ یہ دعا مانگنی چاہیے کہ جس طرح پھلوں اور اشیاء کی طرح طرح کی لذّتیں عطا کی ہیں۔ نماز اور عبادت کا بھی ایک بار مزہ چکھادے۔ کھایا ہوا یاد رہتا ہے۔ دیکھو! اگر کوئی شخص کسی خوبصورت کو ایک سُرور کے ساتھ دیکھتا ہے تو وہ اُسے خوب یاد رہتا ہے اور پھر اگر کسی بدشکل اور مکروہ ہیئت کو دیکھتا ہے تو اس کی ساری حالت بہ اعتبار اس کے مجسّم ہو کر سامنے آجاتی ہے۔ ہاں اگر کوئی تعلق نہ ہو تو کچھ یاد نہیں رہتا۔ اسی طرح بے نمازوں کے نزدیک نماز ایک تاوان ہے کہ ناحق صبح اُٹھ کر سردی میں وضو کر کے خوابِ راحت چھوڑ کر اور کئی قسم کی آسائشوں کو کھو کر پڑھنی پڑتی ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ اسے بیزاری ہے وہ اس کو سمجھ نہیں سکتا۔ اس لذت اور راحت سے جو نماز میں ہے اس کو اطلاع نہیں ہے پھر نماز میں لذت کیونکر حاصل ہو؟ مَیں دیکھتا ہوں کہ ایک شرابی اور نشہ باز انسان کو جب سُرور نہیں آتا تو وہ پَے درپَے پیالے پیتا جاتا ہے یہاں تک کہ اُس کو ایک قسم کا

نشہ آجاتا ہے۔ دانشمند اور بزرگ انسان اس سے فائدہ اُٹھا سکتا ہے اور وہ یہ کہ نماز پر دوام کرے اور پڑھتا جاوے یہاں تک کہ اُس کو سرور آجاوے اور جیسے شرابی کے ذہن میں ایک لذّت ہوتی ہے جس کا حاصل کرنا اس کا مقصود بالذّات ہوتا ہے اسی طرح سے ذہن میں اور ساری طاقتوں کا رُجحان نماز میں اُسی سُرور کا حاصل کرنا ہو اور پھر ایک خلوص اور جوش کے ساتھ کم از کم اس نشہ باز کے اضطراب اور قلق وکرب کی مانند ہی ایک دعا پیدا ہو کہ وہ لذت حاصل ہو تو مَیں کہتا ہوں اور سچ کہتا ہوں کہ یقیناً یقیناً وہ لذت حاصل ہو جاوے گی۔ پھر نماز پڑھتے وقت اُن مفاد کا حاصل کرنا بھی ملحوظ ہو جو اس سے ہوتے ہیں اور احسان پیشِ نظر رہے اِنَّ الۡحَسَنٰتِ یُذۡهِبۡنَ السَّیِّاٰتِ (هود:۱۱۵) نیکیاں بدیوں کو زائل کر دیتی ہیں۔ پس ان حسنات کو اور لذات کو دل میں رکھ کر دعا کرے کہ وہ نماز جو کہ صدیقوں اور محسنوں کی ہے، وہ نصیب کرے۔ یہ جو فرمایا ہے اِنَّ الۡحَسَنٰتِ یُذۡهِبۡنَ السَّیِّاٰتِ یعنی نیکیاں یا نماز بدیوں کو دُور کرتی ہے یا دوسرے مقام پر فرمایا ہے کہ نماز فواحش اور برائیوں سے بچاتی ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ بعض لوگ باوجود نماز پڑھنے کے پھر بدیاں کرتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ وہ نمازیں پڑھتے ہیں مگر نہ روح اور نہ راستی کے ساتھ۔ وہ صرف رسم اور عادت کے طور پر وہ ٹکریں مارتے ہیں۔ اُن کی رُوح مُردہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کا نام حسنات نہیں رکھا اور یہاں جو حسنات کا لفظ رکھا الصلوٰۃ کا لفظ نہیں رکھا باوجودیکہ معنے وہی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تا نماز کی خوبی اور حسن وجمال کی طرف اشارہ کرے کہ وہ نماز بدیوں کو دُور کرتی ہے جو اپنے اندر ایک سچائی کی روح رکھتی ہے اور فیض کی تاثیر اس میں موجود ہے وہ نماز یقیناً یقیناً برائیوں کو دور کرتی ہے۔ نماز نشست و برخاست کا نام نہیں ہے۔ نماز کا مغز اور رُوح وہ دعا ہے جو ایک لذّت اور سُرور اپنے اندر رکھتی ہے۔

ارکانِ نماز کی حقیقت

ارکانِ نماز دراصل روحانی نشست وبرخاست کے دو حصّے ہیں۔ انسان کو خدا تعالیٰ کے رُوبرو کھڑا ہونا پڑتا ہے اور قیام بھی آدابِ خدمت گاراں میں سے ہے۔ رکوع جو دوسرا حصہ ہے بتلاتا ہے کہ گویا تیاری ہے کہ وہ تعمیلِ حکم کو